وما علینا الا البلاغ

مسلمانو تمھاری دین دنیا کی بھلائی اور سچی حقیقی خیرخواہی کیلئے یہ مبارک فتوائے امام اہل سنت قامع بدعت قالع ندویت وبخریت مجدد مائۃ حاضرہ مؤید ملت طاہرہ اعلیحضرت مولنا مولوی مفتی **احمد رضا خانصاحب** قادری برکاتی رضی اللہ تعالے عنہ

دربارہ کاٹھیاوار مسلم ایجوکیشنل کانفرنس ہے جسمیں بدلائل قاہرہ ثابت کیا گیا ہے کہ اس مین شرکت اور کسی قسم کی امداد حرام اور سخت حرام ہے اسے بغور پڑھو اور اپنا بھلا چاہتے ہو تو اسپر عمل کرو نیز تمھارے مزید اطمینان کیلئے اس فتوے کی تائید وتصدیق میں مشاہیر علمائے ہند کے جلیل القدر فتوے مسمّٰی بہ

الدلائل القاہرۃ علی الکفرۃ النیاشرۃ

۱۳۳۵ھ

یعنے مسلم لیگ کی شرکت ورکنیت وامداد واعانت کا حکم شرعی بھی واضح وآشکار

مؤلفہ

حامی سنت جناب حاجی قاسم میاں صاحب امام جامع گونڈل علاقہ کاٹھیاوار

حسب فرمائش اراکین انجمن تبلیغ صداقت بمبئی

پرنٹر سلطان حسین خاں نے مطبع سلطانی واقعہ ایلچی حوالدار کی گلی بمبئی نمبر ۳ میں چھاپا اور

پبلشر

مفتی مصطفےٰ خاں قادری فیض آبادی نے شائع کیا

تصدیق عالم جلیل فاضل نبیل جناب مولٰنا مولوی سید دیدار علی صاحب الوری مفتی آگرہ

(۵۵) بسم اللہ الرحمن الرحیم

بلاشبہہ اس نازک وقت میں بہت سے علما درویش طلب دنیائے دنی میں اتباع سنت ترک کرکے اتنے دنیادار بنگئے ہیں کہ کوٹ تپلون والوں میں اُن کی سی کہہ کر اُن سے دنیا حاصل کرتے ہیں۔ اہل سنت میں لباس سنت پہنکر بزرگانِ دین مثل حاجی امداد اللہ صاحب قدس سرہٗ و مولنا فضل الرحمن صاحب قدس سرہٗ کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرتے ہیں اُن میں مل کر اُن کو گمراہ کرتے ہیں۔ جن کا سبق ہمہ تن دُنیا ہی دنیا ہے گو اہل دین اور بانی شریعت صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ مسلمانوں کی صورت بھی نہ رہے سارے طریق سنت چھوٹ جائیں فقط برائے نام مسلمان رہ جاویں مگر تحصیل دنیا میں غیر قوموں سے پیچھے نہ رہیں ایسی اغراض سے جو انجمنیں قایم کی گئی ہیں۔ ایسی انجمنوں کے جو ممبر و سرگروہ ہیں عزورات سے مسلمانوں کا بچنا فرض ہے۔ اُن کی میٹھی باتوں پر کبھی مسلمانوں کو فریفتہ نہ ہونا چاہیے خواہ وہ قرآن پڑھیں خواہ خوش لہجگی سے مثنوی شریف۔ اُن کی مجالس سے بچنا ہر مسلمان کا فرض ہے مسلمانو! اُن کے شہد میں زہر ملا ہوا ہے مسلمانو! کبھی تمکو بذریعہ شہد ہلاک نہ کردیں ان احادیث صحیحہ سے اُن کی حالتوں کو مطابق کرکے دیکھ لو اگر ان علامتوں مذکورہ احادیث سے اُن میں کچھ شائبہ پاؤ اُنسے کوسوں جدا رہو۔

کنز العمال میں ہے عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال یأتی علی الناس زمان وجوھھم وجوہ الادمیین وقلوبھم وقلوب الشیاطین سفاکین للدماء لا یرعون عن قبیح ان تابعتھم وارابوك وان ائتمنتھم خانوك صبیھم عادم وشابھم شاطر وشیخھم لا یامر بالمعروف ولا ینھی عن المنکر السنۃ فیھم بدعۃ والبدعۃ فیھم سنۃ وذو الامر منھم غاو فعند ذلك یسلط اللہ علیھم شرارھم فیدعو اخیارھم فلا یستجاب لھم رواہ الخطیب ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے فرماتے ہیں کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ ایسا زمانہ آویگا کہ منھ تو اُسوقت کے آدمیوں کے آدمیوں کے سے منھ ہونگے اور ہونگے اُن کے دل شیطانوں کے سے خونریز لوگ نہ بچیں گے اور نہ بچاویں گے